مجلس طبّی علاج کے 25 مدنی پھولوں میں سے مدنی پھول نمبر 9 مع ضروری وضاحت

مجلس طبّی علاج' سابقہ 3 ماہ تک (شرائط مکمل ہونے اور ذمہ دار کی تصدیق مع تاخیر کی وجہ تحریری صورت میں موصول ہونے پر ان مہینوں) کے علاج اخراجات کی ادائیگی کرے گی' 3 ماہ سے زائد مدت کے پُرانے بِلز کی ادائیگی سے مجلس علاج قاصر و عاجز ہو گی لہٰذا کوشش فرما کر اپنے علاج کے اخراجات ہر ماہ یا ہر دُوسرے یا تیسرے ماہ تک لازمی وصول فرمالیں۔

وضاحت: دعوت اسلامی کے کسی بھی شعبے میں خدمت سرانجام دینے والے اسلامی بھائی کی مجلس طبّی علاج کی طے شدہ شرائط کو اس طرح چیک کیا جائے گا کہ ان اسلامی بھائی مثلاً محمد نوید عطاری بن ظہیر عطاری کو مجلس طبّی علاج سے سہولت کو محرم الحرام 1436 میں حاصل کرنی ہے تو سابقہ 12 ماہ یعنی محرم 1435 سے ذوالحجۃ الحرام تک مدنی قافلے میں سفر 50 فیصد ہو اور ماہ شوال المکرم تا ذوالحجۃ الحرام 1435 تک دیگر 5 شرائط پر مکمل عمل کا شرف حاصل کیا ہو تو انہیں طے شدہ طریقہ کار کے مطابق ادائیگی کا سلسلہ کیا جائیگا۔

یادرہے

اگر کوئی اسلامی بھائی کسی وجہ سے تین ماہ مکمل شرائط پر عمل کا شرف نہ پاسکے

توانہیں ان مہینوں کے علاج اخراجات کی ادائیگی بعد میں عمل کر لینے کی صورت میں بھی نہیں کی جاسکے گی۔

مثلاً محرم الحرام 1436 میں علاج کروایا گیا اور کسی بھی وجہ سے سابقہ تین ماہ یعنی شوال المکرم تا ذوالحجۃ الحرام 1435 تک 5 شرائط میں کسی ایک یا چند پر عمل نہیں تھا۔ اور ربیع الاول 1436 میں تمام پر عمل ہو گیا تب بھی محرم الحرام 1436 میں کروائے گئے علاج کے اخراجات کی ادائیگی نہیں ہو گی۔

میل کرنے کی تاریخ۔۔۔20 محرم الحرام 1436 بمطابق 14 نومبر 2014

15 ربیع الاول 1436ھ

07/01/15